بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

اورنگی ٹاؤن، بھائی کے ہاتھوں بہن کا قتل، ملزم گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر)اورنگی ٹاؤن میں بھائی نے چھری کے وار سے بہن کو قتل کردیا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر بھائی کو گرفتار کرکے آلہ قتل بر آمد کرلیا، تفصیلات کے مطابق مومن آباد تھانے کی حدود فرید کالونی شاہجہان چوک کے قریب ملزم حیات نے اپنی 17 سالہ بہن سمیرا پر چھری کے پے درپے وار کئے جس کے باعث وہ شدید زخمی ہو گی، واقعے کے بعد سمیرا کو تشویش ناک حالت میں عباسی اسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی ایس ایچ او کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم حیات کو گرفتار کرلیا، انکا کہنا ہے کہ ملزم نے اپنی بہن کو شک کی بنیاد پر قتل کیا، ملزم کے قبضے سے آلہ قتل بر آمد کرلیا ہے۔

ShareThis
ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھیے
آج کا اخبار پڑھیے